106555- عمرہ کرے یا عمرے پر آنے والے خرچہ کو جہاد، تعلیم، اور مساکین پر خرچ کردے؟

سوال

سوال : نفلی عمرہ کا خرچہ جہاد، تعلیم، اور غریب لوگوں کی مدد میں خرچ کرنا افضل ہے یا عمرہ کرنا؟ اور کیا اس میں رمضان کا عمرہ بھی شامل ہوگا؟

پسندیدہ جواب

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں۔

"اگر عمرے میں خرچہ زیادہ نہ کرے،
میانہ روی اختیار کرے توظاہری طور پران دونوں عبادات کو جمع کیا جاسکتا ہے، خاص
طور پر رمضان المبارک کا عمرہ، اوراگر جمع کرنا ممکن نہ ہو توجس کا فائدہ دوسروں
تک پہنچے وہ افضل ہوگا، اس لئے جہاد، تعلیم، اور غریبوں کی مدد کرنا افضل ہے" انتہی.